فوری ریلیز کے لیے: 2022/7/15 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے عوامی فوائد کے وصول کنندگان کے حقوق کے تحفظ اور سماجی خدمات تک رسائی کو مستحکم بنانے کے لیے قانون سازی کے پیکیج پر دستخط کیے

قانونی مسودہ (S.3178A/A.5817A) سماجی خدمات کے دفاتر سے درکار کرتا ہے کہ وصول کنندگان کے بنیادی حقوق کا نوٹس پوسٹ کریں.

قانون مسودہ (S.8972A/A.9749B) اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ سپلیمنٹل نیوٹریشن اسسٹنس پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP) کے فوائد کے مخصوص وصول کنندگان کو دو الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (Electronic Benefit Transfer, EBT) کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈز ملیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ انہوں نے دو بلوں کے قانون سازی پیکج پر دستخط کیے ہیں جو عوامی فوائد حاصل کرنے والے نیو یارک کے باشندوں کے حقوق کا تحفظ کریں گے اور سماجی خدمات تک رسائی کو مستحکم کریں گے۔ ان دونوں بلوں سے امداد حاصل کرنے کے لیے درخواست دینے والوں کے حقوق پر شفافیت میں اضافہ ہوگا اور غذائی امداد تک رسائی میں بہتری آئے گی۔

"جب نیو یارک کے باشندے عالمگیر وباء کی معاشی مشکلات سے نکل رہے ہیں تو یہ انتہائی اہم ہے کہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں کہ عوامی امداد کے منصوبے ہماری انتہائی کمزور کمیونٹیز کے درست طریقے سے کام آ رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ بل ریاست بھر کے لوگوں کو سماجی خدمات حاصل کرتے وقت ان کے حقوق کے بارے میں آگاہ کریں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ خاندانوں کو خوراک کا بندوبست کرنے میں کسی مشکل کا سامنا نہ ہو۔ مجھے نیو یارک کے عوامی امداد حاصل کرنے والے باشندوں کے تحفظ اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے اہم اقدامات کرنے پر فخر ہے کیونکہ کسی کو بھی خوراک یا بچوں کی دیکھ بھال کے عدم تحفظ، بے گھری یا کسی اور جان لیوا دباؤ کا احساس نہیں ہونا چاہیے۔"

"یہ انتہائی اہم ہے کہ نیو یارک کے مشکلات کا شکار باشندوں کو ضروری سماجی خدمات اور عوامی فوائد تک مساوی رسائی حاصل ہو،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "گورنر کے ہاتھوں آج دستخط ہو کر قانون بننے والا یہ نیا قانون ساز پیکیج شفافیت کو بہتر بنائے گا اور ان لوگوں کے حقوق کا تحفظ کرے گا جن کے لیے ان مشکلات کی وجہ سے یہ خدمات حاصل کرنا ضروری ہیں۔"

قانونی مسودہ (S.3178A/A.5817A) ان افراد کے حقوق پوسٹ کرنا درکار کرے گا جو امداد حاصل کرنے کے لیے درخواست دے رہے ہیں۔ اس سے وصول کنندگان اپنے قانون کے مطابق طے بنیادی حقوق کے بارے میں مطلع ہوں گے، جیسے منصفانہ سماعت کا حق، ہنگامی امداد کے بارے میں پوچھنے کا حق، تمام فوائد اور خدمات کے لیے درخواست دینے کا حق، بچوں کی دیکھ بھال کے بارے میں پوچھنے کا حق، مفت زبان کی خدمات کا حق، گھریلو تشدد کا سامنا کرنے پر اسکریننگ اور خصوصی خدمات کا حق اور تحریری مناسب نوٹس کا حق۔

سینیٹر James Sanders Jr. نے کہا، "نیو یارک کے وہ باشندے جنہیں بنیادی مدد کی ضرورت ہے، انہیں اپنے حقوق اور فوائد کا علم ہونا چاہیے۔ اس قانون سازی سے لوگوں کو اپنے خاندانوں اور اپنے لیے درکار تعاون حاصل

کرنے میں مدد ملے گی۔ ایک ہمدرد حکومت کے کردار کا ایک حصہ ان بنیادی ضروریات کے لیے امداد فراہم کرنا ہے جو پوری نہیں ہو رہی ہیں۔"

رکنِ اسمبلی Pamela J. Hunter نے کہا، "عوامی فوائد تک رسائی حاصل کرتے وقت، یہ واضح اور جامع طور پر بیان ہونا چاہیے کہ آپ کے حقوق کیا ہیں۔ مستفید ہونے والوں کو شاید یہ معلوم نہ ہو کہ وہ سماعت، ہنگامی امداد اور دیگر خدمات کے حقدار ہیں۔ سماجی خدمات کے دفاتر میں جسمانی طور پر ان حقوق کو پوسٹ کرنا ضروری ہے کیونکہ ان فوائد کو استعمال کرنے والوں کے پاس شاید مناسب انٹرنیٹ تک رسائی نہیں ہوسکتی ہے۔ میں اس قانون پر دستخط کرنے کے لیے گورنر Hochul کو سراہتی ہوں اور اس کے نفاذ کی منتظر ہوں۔"

قانونی مسودہ (S.8972A/A.9749B) سپلیمنٹل نیوٹریشن اسسٹنس پروگرامز سے درکار کرتا ہے کہ ہر اس گھر کے لیے، جس میں ایک سے زیادہ والدین یا سرپرست گھر میں رہتے ہوں، دو الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ فراہم کرے۔ اس سے وصول کنندگان کو اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے کے لیے اپنے فوائد استعمال کرنے میں زیادہ سہولت ملے گی۔

اسٹیٹ سینیٹر Julia Salazar نے کہا، "مجھے فخر ہے کہ میں اپنی ساتھی رکنِ اسمبلی Simcha Eichenstein کے ساتھ بل S8972A کی طرح عام فہم اور ضروری قانون سازی کی سرپرستی کر رہی ہوں۔ خاندانوں کو درپیش تمام دباؤ کے ساتھ، ہماری پسماندہ محروم کمیونٹیز میں حقیقی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے قانون سازی ضروری ہے۔ یہ ان ضروریات میں سے ایک ہے۔ ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ہمارے گھروں کو بنانے والے تمام سرپرستوں کو ایک لمحے کے نوٹس پر اپنے منظور شدہ فوائد تک رسائی حاصل ہو، اور کسی کو اپنا کارڈ ریلے ریس کی چھڑی کی طرح ایک دوسروے کے حوالے کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔ SNAP ایک وفاقی منصوبہ ہے جو ہر سال 40 ملین سے زیادہ امریکیوں کی مدد کرتا ہے اور ان میں سے 1.8 ملین نیو یارک کے باشندے ہیں۔ یہ ایک عملی اقدام ہے اور میں اس بل کی حمایت کرنے والے ہر قانون ساز کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ اور گورنر Hochul کا شکریہ کہ انہوں نے اس وقت اس بل پر دستخط کر کے اس کو قانون کی شکل دی جب ہم اپنے نظام میں موجود خامیوں دور کر رہے ہیں۔"

رکنِ اسمبلی Simcha Eichenstein نے کہا، "وہ وقت بہت سخت ہوتا ہے جب SNAP کے فوائد حاصل کرنے والے خاندانوں کو اپنے بچوں کو کھانا کھلانے کے لیے مسلسل دباؤ میں رہنا پڑے۔ اب انہیں گھر کے دو سربراہوں کے درمیان کارڈ بانٹنے کی تکلیف برداشت نہیں کرنا پڑے گی۔ یہ سادہ سی قانون سازی ایک جھنجلا دینے والے اور بے وجہ مسئلے کا ایک آسان، موثر اور عملی حل ہے۔ اس مسئلے کی اہمیت کو تسلیم کرنے اور اس بل پر دستخط کر کے اس کو قانون کی شکل دینے پر گورنر Hochul کا شکریہ۔"

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov